| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ڑ' لکھ سکیں اشیاء کے ناموں میں حرف 'ڑ' کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حرف 'اتار' کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڑ' کا تلفظ آواز کے ناموں میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو پوچھا جائے گا کہ شرارتی نو کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں شرارتی نو کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ڑ' کریں گے۔ اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ڑ' حروف تہجی کا سولھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ڑ' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا بلکہ یہ لفظ کے درمیان اور آخر میں آتا ہے بچوں کو حرف 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ جڑ، بھیڑ، ریوڑی، لکڑی، کھڑکی، گڑیا، گاڑی اور جھاڑو فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ڑ' کے اوپر ایک چھوٹی ط آتی ہے۔ تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچ جائے گی جس پر بچوں کو 'ڑ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ڑ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 32 کھولنے کو کہا جائے گا کہ بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ڑ' پر انگلی پھیریے اور 'ڑ' کی اشیاء کے نام بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو 'ڑ' کی ورک شیٹ دے کر اس میں انگلی کی مدد سے رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 32<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڑ' کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی اور بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ڑ' لکھ سکیں اشیاء کے ناموں میں حرف 'ڑ' کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور مختلف اشیاء کے ناموں میں اس کا استعمال پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڑ' کا تلفظ آواز کے ناموں میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ڑ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ریوڑی کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ خشک میوہ ہے۔ اس کو ریوڑی کہتے ہیں۔ اسے سردی کے موسم میں کھایا جاتا ہے۔ لوگ اسے مونگ پھلی کے ساتھ ملا کر بھی کھاتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ریوڑی کی درمیانی آواز 'ڑ' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر یا دوست کی کمر پر حرف 'ڑ' کی شکل بنوایئے اور بار بار اس کی دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو دائرے کی شکل میں بیٹھا دیجیے۔ انھیں ان تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جن کے نام پر 'ڑ' کا استعمال ہوتا ہے۔ تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے طالب علم کے پاس جائے۔ ہر طالب علم اس میں سے ایک چیز نکالے اس کا نام بتائے پھر 'ڑ' کی صوتی آواز بتائے۔<br>نوٹ: (ربڑ، گڑ، گڑیا، چڑیا، پہاڑ، کلہاڑی، آڑو، جھاڑو وغیرہ)۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچے چڑیا میں رنگ بھریں گے اور حرف 'ڑ' پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | تھیلا<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ڑ' لکھنے کی مشق تین سے چار بار کروایئے۔ | 5 منٹ | ڑ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ڑ' لکھ سکیں اشیاء کے ناموں میں حرف 'ڑ' کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڑ' کا تلفظ آواز کے ناموں میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم بھیڑ کے بارے میں جانیں گے۔ بھیڑ پالتو جانور ہے۔ ان کو قربانی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کی کھال اون بنانے کے کام آتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ بھیڑ کی آخری آواز 'ڑ' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں کی مدد سے ہوا میں 'ڑ' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ / سفید پر 'دتار' حروف کے فلیش کارڈ لگا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے پوچھیے کہ 'ر' کے بعد کون سے حرف آتا ہے۔ بچوں کو باری باری بلا کر 'ڑ' لکھنے کی تختہ سیاہ پر مشق کروایئے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں بچوں کو ٹیپ کی مدد سے کھڑکی بنانے اور 'ڑ' پر پینسل پھیرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ<br>ٹیپ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے جھاڑو، گاڑی، گڑیا میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کروایئے۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں گاڑی پر رنگ بھریے اور 'ڑ' پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ڑ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ڑ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے ’ڑ‘ لکھ سکیں اشیاء کے ناموں میں حرف ’ڑ‘ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ر‘ اور ’ڑ‘ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا درست تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ڑ‘ کا تلفظ آواز کے ناموں میں حرف ’ڑ‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ڑ‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ’ڑ‘ الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ فلیش کارڈ کے ذریعے کھڑکی، گڑیا، جھاڑو، گاڑی کی تصاویر دکھائی جائیں گی ان کے نام پوچھے جائیں گے اور ان الفاظ میں حرف ’ڑ‘ کی نشاندہی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ دے کر حرف ’ڑ‘ کے فلیش کارڈ کو الگ کرنے کو کہا جائے گا۔ سرگرمی کے دوران ہر بچے سے انفرادی طور پر اشیاء کے نام اور حرف کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 33 کھولنے کو کہا جائے گا اور دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا کہ ہم کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ڑ‘ کو ان الفاظ سے ملایئے جن میں ’ڑ‘ کا استعمال ہوا ہے۔ نیچے دی گئی حرف ’ڑ‘ پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 33 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر ’ڑ‘ لکھنے کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڑ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڑ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'ڑ' لکھ سکیں اشیاء کے ناموں میں حرف 'ڑ' کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڑ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڑ' کا تلفظ آواز کے ناموں میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم لکڑی اور جڑ کے بارے میں بات کریں گے۔لکڑی ہم درختوں سے حاصل کرتے ہیں۔لکڑی بہت سی چیزوں کو بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ وہ جس کرسی پر بیٹھے ہیں وہ لکڑی کی بنی ہوئی ہے۔جڑ درخت کا ایک حصہ ہے یہ زمین کے نیچے ہوتا ہے۔ یہ درخت کو زمین پر کھڑا رہنے میں مددگار رہوتی ہے۔بچوں کو بتایا جائے کہ لکڑی اور جڑ کی درمیانی آواز 'ڑ' کی ہے۔بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ڑ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ڑ' لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڑ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔گڑیا، چمگاڈر اور جھاڑو کا فلیش کارڈ دکھا کر ان میں حرف 'ڑ' کی نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>حرف 'ڑ' کو کاپی میں لکھیں۔ | 2 منٹ | | |